D 144451

(Pages : 10)

Name.................................

Reg. No..............................

# CALICUT UNIVERSITY COMMON ENTRANCE TEST (CU-CET), APRIL 2026

## M.A. URDU

Time : Two Hours

Maximum : 100 Marks

ہدایات:

- داخلہ امتحان کا پرچہ دو حصوں میں منقسم ہے، جس میں حصہ اول معروضی سوالات پر اور حصہ دوم موضوعاتی سوالات پر مبنی ہے۔
- حصہ اول کے تمام سوالات لازمی ہیں اور ہر سوال کے نمبرات مساوی ہیں۔
- غلط جواب کے لئے 0.25 نمبرات منہا کیے جائیں گے

## حصہ اول

**(50x1=50 Marks)**

1۔ اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر کون ہے؟

(ا) میر تقی میرؔ (ب) ولی دکنی (ج) غالبؔ (د) قلی قطب شاہ

2۔ "اردو کی جائے پیدائش سرزمین دہلی اور اس کے گرد و نواح ہے"۔ یہ کس کا نظریہ ہے؟

(ا) محمد حسین آزاد (ب) مسعود حسین خاں (ج) میر امن (د) محمود شیرانی

3۔ "کالی شلوار" کس کا افسانہ ہے؟

(ا) کرشن چندر (ب) راجیندر سنگھ بیدی (ج) عصمت چغتائی (د) سعادت حسن منٹو

Turn over

4۔ "آدمی اور سکے" کا مصنف کون ہے؟

(ا) صابرہ سعید (ب) فرمان فتح پوری (ج) زلیخا حسین (د) خورشید احمد

5۔ پریم چند کا پہلا افسانہ کونسا ہے؟

(ا) کفن (ب) دنیا کا انمول رتن (ج) گلی ڈنڈا (د) گوشہ عافیت

6۔ سعادت حسن منٹو کے کس افسانہ پر مقدمہ چلا؟

(ا) موذیل (ب) ٹوبہ ٹیک سنگھ (ج) نیا قانون (د) ٹھنڈا گوشت

7۔ فراق کی رباعیوں کے مجموعے کے نام کیا ہیں؟

(ا) انگارے (ب) روپ (ج) ارمغان شاعری (د) نالہ فراق

8۔ ان میں سے کونسا افسانہ جیلانی بانو کا ہے؟

(ا) دودھ کی قیمت (ب) ادھو (ج) چوتھی کا جوڑا (د) گلی ڈنڈا

9۔ مرزا نوشہ کس کا لقب ہے؟

(ا) ذوق (ب) مومن (ج) غالب (د) سودا

10۔ "مرزا ظاہر دار بیگ" کس ناول کا کردار ہے؟

(ا) آگ کا دریا (ب) توبتہ النصوح (ج) فوٹو گرافر (د) خدا کی بستی

11۔ "اردوئے معلی" کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

(ا) غالب (ب) ابوالکلام آزاد (ج) رشید احمد صدیقی (د) مولوی عبدالحق

12۔ "ویرانے" کس کی تصنیف ہے؟

(ا) گوپی چند نارنگ (ب) شمس الرحمٰن فاروقی (ج) قمر رئیس (د) احتشام حسین

13۔ "اندر سبھا" کس کا ڈرامہ ہے؟

(ا) عابد حسین (ب) آغا حسن امانت (ج) امتیاز علی تاج (د) کرشن چندر

14۔ "اردو ڈرامے کا شیکسپیر" کسے کہا جاتا ہے؟

(ا) امتیاز علی تاج (ب) آغا حشر کشمیری (ج) امانت لکھنوی (د) حبیب تنویر

15۔ نجم النساء اور ماہ رخ کس مثنوی کے کردار ہیں؟

(ا) زہر عشق (ب) علی نامہ (ج) سحر البیان (د) گلزار نسیم

16۔ "شعاع امید" کس کی نظم ہے؟

(ا) اقبال (ب) اکبر الہ آبادی (ج) جوش (د) حالی

17۔ "حیات سعدی" کس کی تصنیف ہے؟

(ا) غالب (ب) ابو الکلام آزاد (ج) رشید احمد صدیقی (د) الطاف حسین حالی

18۔ "گزرا ہوا زمانہ" کس کا مضمون ہے؟

(ا) سر سید احمد خاں (ب) شمس الرحمٰن فاروقی (ج) قمر رئیس (د) محمد حسین آزاد

19۔ "نغمہ ء گل" کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(ا) جگر (ب) فراق (ج) جمیل مظہری (د) اختر شیرانی

20۔ حسرت موہانی کا پورا نام کیا ہے؟

(ا) علی سکندر (ب) اسرار الحق (ج) شبیر حسن (د) فضل الحسن

21۔ ذیل میں قرۃ العین حیدر کے ناول کی نشاندہی کیجئے؟

(ا) چاندنی بیگم (ب) شکست (ج) ضدی (د) لاجونتی

22۔ نظم "تاج محل" کس نے لکھی؟

(ا) اقبال (ب) ساحر لدھیانوی (ج) جوش (د) حالی

23۔ کمل کانت کس ڈرامے کا کردار ہے؟

(ا) دروازے کھول دو (ب) آگرہ بازار (ج) انار کلی (د) خانہ جنگی

24۔ "غزل اردو شاعری کی آبرو ہے" یہ کس کا قول ہے؟

(ا) گوپی چند نارنگ (ب) شمس الرحمٰن فاروقی (ج) رشید احمد صدیقی (د) آل احمد سرور

25۔ ذیل میں کس شاعر کو گیان پیٹھ اوارڈ سے نوازا گیا؟

(ا) علامہ اقبال (ب) فراق (ج) فیض احمد فیض (د) احمد فراز

26۔ فورٹ ولیم کالج کے پہلے پرنسپل کون تھے؟

(ا) جان گلکرسٹ (ب) لارڈ ولزلی (ج) ڈیوڑ براؤن (د) میر امن

27۔ "شعر العجم" کس نے تصنیف کی؟

(ا) سر سید (ب) حالی (ج) محمد حسین آزاد (د) شبلی

28۔ "ارمغانِ کیرلا" کس کی تخلیق ہے؟

(ا) اقبال (ب) مولوی عبالحق (ج) جوش (د) سید محمد سرور

29۔ چار مصرعے والی نظم کونسی ہے؟

(ا) رباعی (ب) غزل (ج) مسدس (د) مثنوی

30۔ "اسباب بغاوت ہند" کس نے تصنیف کی؟

(ا) شبلی (ب) حالی (ج) انیس (د) سرسید

31۔ "ہنس نامہ" کس کی نظم ہے؟

(ا) جوش (ب) قلی قطب شاہ (ج) ملاوجہی (د) نظیر اکبر آبادی

32۔ اردو قصیدہ نگاری میں ممتاز ترین شاعر کون ہے؟

(ا) سودا (ب) مومن (ج) غالب (د) ذوق

33۔ "آثار الصنادید" میں کس شہر کی عمارتوں کا ذکر ہے؟

(ا) لکھنؤ (ب) حیدر آباد (ج) دہلی (د) کلکتہ

34۔ رسالہ "تہذیب الاخلاق" کس نے جاری کیا تھا؟

(ا) عبدالحلیم شرر (ب) سرسید (ج) مولانا ابوالکلام آزاد (د) حالی

35۔ "شاعرِ بے دماغ" کسے کہا جاتا ہے؟

(ا) غالب (ب) مومن (ج) ذوق (د) میر

36۔ "پنجاب میں اردو" کس کی کتاب ہے؟

(ا) گوپی چند نارنگ (ب) شمس الرحمن فاروقی (ج) محمود شیرانی (د) نصیر الدین ہاشمی

37۔ "برکھارت" کس نے لکھی؟

(ا) الطاف حسین حالی (ب) حبیب تنویر (ج) آزاد (د) مجاز

38۔ اردو کا پہلا مثنوی کونسا ہے؟

(ا) سحر البیان (ب) کدم راؤ پدم راؤ (ج) قطب مشتری (د) گلشن عشق

39۔ غالب پہلے کیا تخلص رکھتے تھے؟

(ا) مرزا (ب) اسد (ج) حزیں (د) یونس

40۔ "قصہ چہار درویش" کو اردو میں کس نام ترجمہ کیا گیا ہے؟

(ا) ہمہ از ہشت (ب) معراج العاشقین (ج) نوطرز مرصع (د) اخلاق محسنی

41۔ "بابائے اردو" کے نام سے کون مشہور ہیں؟

(ا) ولی (ب) امیر خسرو (ج) رشید احمد صدیقی (د) مولوی عبد الحق

42۔ ترقی پسند تحریک کی رہنمائی کس نے کی؟

(ا) کلیم الدین احمد (ب) علی سردار جعفری (ج) سجاد ظہیر (د) مجنون گورکھپوری

43۔ رجز کس سخن میں ہوتا ہے؟

(ا) قطع (ب) مرثیہ (ج) مثنوی (د) قصیدہ

44۔ شاعر مشرق کسے کہا جاتا ہے؟

(ا) اقبال (ب) غالب (ج) میر (د) چکبست

45۔ ذیل میں سے نصرتی کی مثنوی کونسا ہے؟

(ا) زہر عشق (ب) اسرار عشق (ج) گلشن عشق (د) بہار عشق

46۔ "دروازے کھول دو" کس کا ڈرامہ ہے؟

(ا) پریم چند (ب) سعادت حسن منٹو (ج) عابد حسین (د) کرشن چندر

47۔ اردو کا پہلا ناول کون سا ہے؟

(ا) مراۃ العروس (ب) اسرار معابد (ج) امراؤ جان ادا (د) فردوس بریں

(5 ×

48۔ "قطب مشتری" کس کی تصنیف ہے؟484

(ا)ابن نشاطی (ب)نصرتی (ج)میر حسن (د)ملاوجہی

49۔ "اردو شاعری کا بابا آدم" کسے مانا جاتا ہے؟

(ا)محمد قلی قطب شاہ (ب)ولی (ج)میر (د)علی عادل شاہ

50۔ امیرن کس مصنف کا تخلیقی کردار ہے؟

(ا)بیدی (ب)خواجہ احمد عباس (ج)مرزا ہادی رسوا (د)سجاد حسین

## حصہ دوم

II۔ ذیل میں سے کسی پانچ سوالوں کے جواب مختصر لکھیے۔ (5 × 4 = 20 marks)

51۔ ناول کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی لکھیے۔

52۔ قصیدے کے اجزائے ترکیبی بیان کیجیے۔

53۔ فورٹ ولیم کالج کے اہم مصنفین پر مختصر نوٹ لکھیے۔

54۔ غالب کے خطوط نگاری پر روشنی ڈالئے۔

55۔ میر تقی میر کی شاعری پر مختصر نوٹ لکھیے۔

56۔ حالی کی سوانح نگاری کے بارے میں اپنے معلومات فراہم کیجیے۔

57۔ سعادت حسن منٹو کے ناولوں کی خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔

58۔ کرشن چندر کی افسانہ نگاری پر نوٹ لکھیے۔

III۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیے۔ (2 × 15 = 30 marks)

59۔ اردو زبان کے آغاز وارتقاء کا جائزہ لیجیے۔

یا

اردو ادب پر ترقی پسند تحریک کے اثرات بیان کیجیے۔

60۔ اردو شاعری کی تاریخ میں اقبال کو کیا مقام حاصل ہے؟ واضح کیجیے۔

یا

اردو ناول نگاری کے آغاز وارتقا پر روشنی ڈالیے۔

**D 123837** (Pages : 7) Name..................................

Reg. No..............................

# CALICUT UNIVERSITY CENTRALIZED ENTRANCE TEST (CU-CET) APRIL 2025

## M.A. URDU

Time : Two Hours Maximum : 100 Marks

**ہدایات:**

- داخلہ امتحان کا پرچہ دو حصوں میں منقسم ہے، جس میں حصہ اول معروضی سوالات پر اور حصہ دوم موضوعاتی سوالات پر مبنی ہے۔
- حصہ اول کے تمام سوالات لازمی ہیں اور ہر سوال کے نمبرات مساوی ہیں۔
- غلط جواب کے لئے 0.25 نمبرات منہا کیے جائیں گے

## حصہ اول

(50 × 1 = 50 marks)

1۔ اردو کس زبان کا لفظ ہے؟

(ا) فارسی (ب) عربی (ج) ترکی (د) سنسکرت

2۔ "اردو برج بھاشا سے نکلی"۔ یہ کس کا نظریہ ہے؟

(ا) محمد حسین آزاد (ب) مسعود حسین خاں (ج) میر امن (د) محمود شیرانی

3۔ "مہالکشمی کا پل" کس کا افسانہ ہے؟

(ا) کرشن چندر (ب) راجیندر سنگھ بیدی (ج) عصمت چغتائی (د) جیلانی بانو

4۔ "اپنے اور پرائے" کا مصنف کون ہے؟

(ا) صابرہ سعید (ب) فرمان فتح پوری (ج) زلیخا حسین (د) خورشید احمد

5۔ پریم چند کا پہلا ناول کونسا ہے؟

(ا) گئودان (ب) اسرارِ معابد (ج) غبن (د) گوشہ عافیت

6۔ سعادت حسن منٹو کے کس افسانہ پر مقدمہ چلا؟

(ا) موذیل (ب) ٹوبہ ٹیک سنگھ (ج) نیا قانون (د) ٹھنڈا گوشت

Turn over

7۔ "روپ" کس کی رباعیوں کا مجموعہ ہیں؟

(ا)جوش (ب)انیس (ج)فراق (د)امجد حیدر آبادی

8۔ ان میں سے کونسا افسانہ قرۃ العین حیدر کا ہے؟

(ا)دودھ کی قیمت (ب)خیمے سے دور (ج)چوتھی کا جوڑا (د)فوٹو گرافر

9۔ "مرزا نوشہ" کس کا لقب ہے؟

(ا)ذوق (ب)مومن (ج)غالب (د)سودا

10۔ "گوتم نیلمبر" کس ناول کا کردار ہے؟

(ا)آگ کا دریا (ب)میرے بھی صنم خانے (ج)فوٹو گرافر (د)خدا کی بستی

11۔ "غبار خاطر" کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

(ا)غالب (ب)ابوالکلام آزاد (ج)رشید احمد صدیقی (د)مولوی عبد الحق

12۔ "تعبیر کی شرح" کس کی تصنیف ہے؟

(ا)گوپی چند نارنگ (ب)شمس الرحمٰن فاروقی (ج)قمر رئیس (د)فردوس فاطمہ

13۔ "انار کلی" کس کا ڈرامہ ہے؟

(ا)عابد حسین (ب)حبیب تنویر (ج)امتیاز علی تاج (د)کرشن چندر

14۔ اردو ڈرامے کا شیکسپیر کسے کہا جاتا ہے؟

(ا)امتیاز علی تاج (ب)آغا حشر کشمیری (ج)آغا حسن امانت (د)حبیب تنویر

15۔ تاج الملوک اور گل بکاولی کس مثنوی کے کردار ہیں؟

(ا)زہر عشق (ب)علی نامہ (ج)سحر البیان (د)گلزار نسیم

16۔ "طلوع اسلام" کس کی نظم ہے؟

(ا)اقبال (ب)اکبر الہ آبادی (ج)جوش (د)حالی

17۔ "یادگارِ غالب" کس کی تصنیف ہے؟

(ا) غالب (ب) ابوالکلام آزاد (ج) رشید احمد صدیقی (د) الطاف حسین حالی

18۔ "بحث و تکرار" کس کا مضمون ہے؟

(ا) سرسید احمد خاں (ب) شمس الرحمٰن فاروقی (ج) قمر رئیس (د) محمد حسین آزاد

19۔ "روحِ کائنات" کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(ا) جگر (ب) فراق (ج) جمیل مظہری (د) اختر شیرانی

20۔ جوش ملیح آبادی کا پورا نام کیا ہے؟

(ا) علی سکندر (ب) اسرار الحق (ج) شبیر حسن (د) حبیب تنویر

21۔ ذیل میں کرشن چندر کے ناول کی نشاندہی کیجیے؟

(ا) آگ کا دریا (ب) شکست (ج) ضدی (د) لاجونتی

22۔ نظم "گریز" کس نے لکھی؟

(ا) اقبال (ب) ساحر لدھیانوی (ج) جوش (د) حالی

23۔ "سرمد" کس ڈرامے کا کردار ہے؟

(ا) دروازے کھول دو (ب) آگرہ بازار (ج) انارکلی (د) خانہ جنگی

24۔ "غزل اردو شاعری کی آبرو ہے" یہ کس کا قول ہے؟

(ا) گوپی چند نارنگ (ب) شمس الرحمٰن فاروقی (ج) رشید احمد صدیقی (د) آل احمد سرور

25۔ ذیل میں کس شاعر کو گیان پیٹھ اوارڈ سے نوازا گیا؟

(ا) علامہ اقبال (ب) شہریار (ج) فیض احمد فیض (د) احمد فراز

26۔ فورٹ ولیم کالج کے پہلے پرنسپل کون تھی؟

(ا) جان گلکرسٹ (ب) لارڈ ولزلی (ج) ڈیوڈ براؤن (د) میر امن

27۔ "نیرنگِ خیال" کس نے تصنیف کی؟

(ا) سرسید (ب) حالی (ج) محمد حسین آزاد (د) شبلی

28۔ "نوائے سرور" کس کی تخلیق ہے؟

(ا) اقبال (ب) مولوی عبالحق (ج) جوش (د) سید محمد سرور

29۔ چھ مصرعے والی نظم کونسی ہے؟

(ا) رباعی (ب) غزل (ج) مسدس (د) مثنوی

30۔ "موازینہ انیس و دبیر" کس نے تصنیف کی؟

(ا) شبلی (ب) حالی (ج) انیس (د) سرسید

31۔ "آدمی نامہ" کس کی نظم ہے؟

(ا) جوش (ب) قلی قطب شاہ (ج) ملا وجہی (د) نظیر اکبر آبادی

32۔ اردو قصیدہ نگاری میں ممتاز ترین شاعر کون ہے؟

(ا) سودا (ب) مومن (ج) غالب (د) ذوق

33۔ "آثار الصنادید" میں کس شہر کی عمارتوں کا ذکر ہے؟

(ا) لکھنؤ (ب) حیدر آباد (ج) دہلی (د) کلکتہ

34۔ "الہلال" اور "البلاغ" کس نے جاری کیا تھا؟

(ا) عبدالحلیم شرر (ب) مولوی عبدالحق (ج) مولانا ابوالکلام آزاد (د) حالی

35۔ "شاعرِ بے دماغ" کسے کہا جاتا ہے؟

(ا) غالب (ب) مومن (ج) ذوق (د) میر

36۔ "دکن میں اردو" کس کی کتاب ہے؟

(ا) گوپی چند نارنگ (ب) شمس الرحمٰن فاروقی (ج) قمر رئیس (د) نصیر الدین ہاشمی

37۔ "مناجات بیوہ" کس نے لکھی؟

(ا) الطاف حسین حالی (ب) حبیب تنویر (ج) آزاد (د) مجاز

38۔ اردو کا پہلا مثنوی کونسا ہے؟

(ا) سحر البیان (ب) کدم راؤ پدم راؤ (ج) قطب مشتری (د) گلشن عشق

39۔ انیس پہلے کیا تخلص رکھتے تھے؟

(ا) مرزا (ب) اسد (ج) حزیں (د) یونس

40۔ "باغ و بہار" کو کس فارسی کتاب کا ترجمہ کہا گیا ہے؟

(ا) ہمہ از ہشت (ب) معراج العاشقین (ج) نوطرز مرصع (د) قصہ چہار درویش

41۔ "بابائے اردو" کے نام سے کون مشہور ہیں؟

(ا) ولی (ب) امیر خسرو (ج) رشید احمد صدیقی (د) مولوی عبدالحق

42۔ ترقی پسند تحریک کی رہنمائی کس نے کی؟

(ا) کلیم الدین احمد (ب) علی سردار جعفری (ج) سجاد ظہیر (د) مجنوں گورکھپوری

43۔ تشبیب کس سخن میں ہوتا ہے؟

(ا) قطع (ب) مرثیہ (ج) مثنوی (د) قصیدہ

44۔ "شاعر مشرق" کسے کہا جاتا ہے؟

(ا) اقبال (ب) غالب (ج) میر (د) چکبست

45۔ ذیل میں سے مومن کی مثنوی کونسا ہے؟

(ا) زہر عشق (ب) اسرار عشق (ج) گلشن عشق (د) بہار عشق

Turn over

46۔ "کھول دو" کس کا افسانہ ہے؟

(ا) پریم چند (ب) سعادت حسن منٹو (ج) کرشن چندر (د) راجیندر سنگھ بیدی

47۔ اردو کا پہلا ناول نگار کون ہے؟

(ا) پریم چند (ب) عبدالحلیم شرر (ج) نذیر احمد (د) رتن ناتھ سرشار

48۔ "سب رس" کس کی تصنیف ہے؟

(ا) ابن نشاطی (ب) نصرتی (ج) میر حسن (د) ملا وجہی

49۔ "اردو شاعری کا بابا آدم" کسے مانا جاتا ہے؟

(ا) محمد قلی قطب شاہ (ب) ولی (ج) میر (د) علی عادل شاہ

50۔ ہوری کس مصنف کا تخلیقی کردار ہے؟

(ا) بیدی (ب) خواجہ احمد عباس (ج) پریم چند (د) سجاد حسین

## حصہ دوم

II۔ ذیل میں سے کسی پانچ سوالوں کے جواب مختصر لکھیے۔ (5 × 4 = 20 marks)

51۔ افسانے کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی لکھیے۔

52۔ مرثیے کے اجزائے ترکیبی بیان کیجیے۔

53۔ ترقی پسند تحریک کے مقاصد پر روشنی ڈالیے۔

54۔ غالب کے خطوط نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے؟

55۔ اقبال کی شاعری پر مختصر نوٹ لکھیے۔

56۔ حالی کی سوانح عمریوں کے نام لکھیے۔

57۔ پریم چند کے ناولوں کی خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

58۔ کرشن چندر کی ڈرامہ نگاری کی امتیازات گنائیے۔

III۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیے۔ (2 × 15 = 30 marks)

59۔ پریم چند کی ناول نگاری پر ایک سیر حاصل مضمون قلم بند کیجیے۔

یا

اردو ادب کے فروغ میں ترقی پسند تحریک کے اہم کارنامے بیان کیجیے۔

60۔ اردو شاعری کی تاریخ میں میر تقی میر کو کیا مقام حاصل ہے؟ واضح کیجیے۔

یا

اردو میں مثنوی نگاری کے آغاز وارتقا پر روشنی ڈالیے۔

D 102506 (Pages : 6) Name..................................

Reg. No..................................

# P.G. ENTRANCE EXAMINATION, APRIL 2024

## URDU

Time : Two Hours Maximum : 100 Marks

ہدایات:

☆داخلہ امتحان کا پرچہ دو حصوں میں منقسم ہے، جس میں حصہ اول معروضی سوالات پر اور حصہ دوم موضوعاتی سوالات پر مبنی ہے۔

☆ حصہ اول کے تمام سوالات لازمی ہیں اور ہر سوال کے نمبرات مساوی ہیں۔

☆غلط جواب کے لئے 0.25 نمبرات منہا کیے جائیں گے۔

## حصہ اول

(50 × 1 = 50 marks)

1) ''اردو کی ابتدائی نشو ونما میں صوفیائے کرام کے کام'' کس کی تصنیف ہے؟

a) مولانا حالی b) مولوی عبدالحق c) سرسید احمد خان d) نورالحسن ہاشمی

2) ''اردو پنجابی سے نکلی'' یہ کس کا نظریہ ہے؟

a) نصیرالدین ہاشمی b) مسعود حسین خان c) محمود خان شیرانی d) محمد حسین آزاد

3) اردو غزل کا باوا آدم کسے کہا جاتا ہے؟

a) ولی اورنگ آبادی b) سراج اورنگ آبادی c) نظیر اکبرآبادی d) مرزا غالب

4) اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر کون ہے؟

a) میر تقی میر b) ولی دکنی c) امیر خسرو d) قلی قطب شاہ

5) ان میں قصیدے کا استاد کون ہے؟

a) امیر خسرو b) محمد رفیع سودا c) ملا وجہی d) میر درد

6) طنز وظرافت کس شاعر کے کلام کی اہم خصوصیت ہے؟

a) نظیر اکبرآبادی b) مرزا غالب c) سر محمد اقبال d) میر انیس

7) علامہ اقبال کا دوسرا شعری مجموعہ کونسا ہے؟

a) بال جبرئیل b) بانگ درا c) ارمغان حجاز d) ضرب کلیم

8) ''اُردوئے معلّیٰ'' کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

a) مولانا حالی b) مولوی عبدالحق c) مرزا غالب d) ابوالکلام آزاد

9) ''اختصار'' کس صنف نثر کی خوبی ہے؟

a) ناول b) ڈرامہ c) افسانہ d) ناولٹ

10) ''آب حیات'' کس نے تصنیف کی؟

a) مولانا حالی b) محمد حسین آزاد c) سر سید احمد خان d) نورالحسن ہاشمی

11) ڈرامہ ''دروازے کھول دو'' کس نے لکھا؟

a) امتیاز علی تاج b) آغا حشر c) کرشن چندر d) حبیب تنویر

12) ترقی پسند تحریک کی بنیاد کس نے ڈالی؟

a) سجاد ظہیر b) مولوی عبدالحق c) سر سید احمد خان d) پریم چند

13) ان میں کیرلہ میں اُردو سے تعلق رکھنے والا مصنف کون ہے؟

a) نصیر الدین ہاشمی b) مولوی عبدالحق c) سر سید احمد خان d) سید محمد سرور

14) ''اُردو شاعری کی آبرو'' کسے کہتے ہیں؟

a) قصیدہ b) غزل c) مثنوی d) رباعی

15) چار مصرے والی نظم کونسی ہے؟

a) رباعی b) غزل c) مثنوی d) قصیدہ

16) ''مقدمہ شعر و شاعری'' کس نے تصنیف کی؟

a) محمد حسین آزاد b) ابوالکلام آزاد c) مولانا حالی d) مولانا شبلی

17) ''لاجونتی'' کس کا افسانہ ہے؟

a) منٹو b) عصمت c) پریم چند d) راجیند رسنگھ بیدی

18) اُردو ڈرامے کا شیکسپیر کسے کہا جاتا ہے؟

a) امتیاز علی تاج b) حبیب تنویر c) آغا حشر d) کرشن چندر

19) نظم ''تاج محل'' کس نے لکھی؟

a) ساحر لدھیانوی b) فیض احمد فیض c) احمد فراز d) غالب

20) ذیل میں جدید غزل گو شاعر کون ہے؟

a) میر تقی میر b) ولی اورنگ آبادی c) حسرت موہانی d) ذوق

21) ذیل میں کس شاعر کو گیان پیٹھ اوارڈ سے نوازا گیا ؟

a) علامہ اقبال b) فراق گورکھپوری c) نظیر اکبرآبادی d) جوش ملیح آبادی

22) فورٹ ولیم کالج کا قیام کب عمل میں آیا؟

a) 1800 سن b) 1799 سن c) 1802 سن d) 1801 سن

23) افسانوی مجموعہ ''انگارے'' کس کی نمائندگی کرتا ہے؟

a) جدیدیت b) ترقی پسند تحریک c) علی گڑھ تحریک d) رومانیت

24) ذیل میں قرۃ العین حیدر کا ناول کونسا ہے؟

a) گودان b) آگ کا دریا c) مراۃ العروس d) گریز

25) پریم چند کا پہلا افسانہ کونسا ہے؟

a) دنیا کا انمول رتن b) حج اکبر c) کفن d) گلی ڈنڈا

26) بے نظیر اور بدر منیر کس مثنوی کے کردار ہیں؟

a) گلشن عشق b) سحر البیان c) زہر عشق d) کدم راؤ پدم راؤ

27) جگر مرادآبادی کا پورا نام کیا ہے؟

a) اسرار الحق b) شبیر حسن c) علی سکندر d) عبدالسلام

28) کس کی شاعری آگرہ شہر کی نمائندگی کرتی ہے؟

a) اکبرالہ آبادی b) نظیر اکبرآبادی c) مرزا غالب d) جوش ملیح آبادی

29) شاعر شباب اور انقلاب کسے کہا جاتا ہے؟

a) جوش ملیح آبادی b) نظیر اکبرآبادی c) اکبرالہ آبادی d) جگر مرادآبادی

30) ذیل میں میر امن کی تصنیف کونسی ہے؟

a) سب رس b) باغ و بہار c) کلیمۃ الحقائق d) زندہ رود

31) ''امید کی خوشی'' کس کا مضمون ہے؟

a) ابوالکلام آزاد b) محمد حسین آزاد c) سر سید احمد خان d) مولانا حالی

32) اُردو کے پہلے ناول نگار کون ہیں؟

a) ڈپٹی نذیر احمد b) پریم چند c) کرشن چندر d) عزیز احمد

33) ''امیرن'' کس ناول کا کردار ہے؟

a) غبن b) شکست c) امراؤ جان d) ابن الوقت

34) میر انیس کے ہم عصر کون تھے؟

a) اقبال b) ذوق c) حاتم d) مرزا دبیر

35) ''دست صبا'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

a) مجاز b) فیض c) اختر شیرانی d) ساحر

36) کس کو بدنام افسانہ نگار کہا گیا ہے؟

a) منٹو b) بیدی c) پریم چند d) عزیز احمد

37) ''حیات جاوید'' کس کی تصنیف ہے؟

a) سر سید احمد خان b) مولانا حالی c) مولانا شبلی d) محمد حسین آزاد

38) اختر شیرانی کا تعلق کس تحریک سے ہے؟

a) ایہام گوئی کی تحریک b) ترقی پسند تحریک c) رومانی تحریک d) علی گڑھ تحریک

39) "شعر شور انگیز" کے مصنف کون ہیں؟

a) گوپی چند نارنگ b) شمس الرحمٰن فاروقی c) احتشام حسین d) محمد حسین آزاد

40) ذیل میں احتشام حسین کی تصنیف کونسی ہے؟

a) تنقید اور عملی تنقید b) اُردو تنقید پر ایک نظر c) مسرت سے بصیرت تک d) اسلوبیات میر

41) "ہوری" کس ناول کا اہم کردار ہے؟

a) میدان عمل b) چوگان ہستی c) گؤدان d) نرملا

42) "ایشر سنگھ" کس افسانے کا کردار ہے؟

a) نظارہ درمیان ہے b) مہالکشمی کا پل c) ٹوبہ ٹیک سنگھ d) ٹھنڈا گوشت

43) حالی نے شاعری کی کس صنف کو کارآمد قرار دیا ہے؟

a) غزل b) مثنوی c) مرثیہ d) قصیدہ

44) ذیل میں نذیر احمد کے ناول کی نشاندہی کیجئے ؟

a) امراؤ جان b) میدان عمل c) مراۃ العروس d) شکست

45) ڈرامہ "آگرہ بازار" کس نے لکھا؟

a) حبیب تنویر b) امتیاز علی تاج c) آغا حشر d) کرشن چندر

46) رسالہ "تہذیب الاخلاق" کب جاری ہوا ؟

a) سن 1870 b) سن 1970 c) سن 1860 d) سن 1880

47) پنجاب کے دیہاتوں کی تصویر کس کے افسانوں میں زیادہ دکھائی دیتی ہے؟

a) پریم چند b) عصمت چغتائی c) راجندر سنگھ بیدی d) منٹو

48) اردو شاعری کا "خدائے سخن" کسے کہا جاتا ہے؟

a) ولی اورنگ آبادی b) نظیر اکبر آبادی c) میر تقی میر d) مرزا غالب

Turn over

49) "بختیار" کس ڈرامہ کا کردار ہے؟

a) دروازے کھول دو b) آگرہ بازار c) اندر سبھا d) انارکلی

50) نہال چند لاہوری کا تعلق کس ادارے سے ہے؟

a) دہلی کالج b) فورٹ ولیم کالج c) علی گڑھ کالج d) دارالترجمہ حیدرآباد

## حصہ دوم

II) ذیل میں سے کسی پانچ سوالوں کے جواب مختصر لکھیے۔ (5 × 4 = 20 marks)

51) اردو کے چار مشہور افسانوں کے نام لکھئے۔

52) اپنے پسندیدہ شاعر کے دو شعر لکھیے۔

53) قصیدے کے اجزائے ترکیبی بیان کیجئے۔

54) اقبال کے چار شعری مجموعوں کے نام گنایئے۔

55) اردو کے چار خواتین افسانہ نگاروں کے نام لکھئے۔

56) شبلی کے اہم چار سوانح کے نام لکھیے۔

57) قرۃ العین حیدر کے چار ناولوں کے نام بتایئے۔

58) ترقی پسند دور کے چار شاعروں کے نام لکھیے۔

III) مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیے۔ (2 × 15 = 30 marks)

59) اردو زبان کے آغاز وارتقاء کا جائزہ لیجئے۔

یا

اردو زبان کے ارتقا میں فورٹ ولیم کالج کی خدمات پر روشنی ڈالئے۔

60) علامہ اقبال کی شاعری کی اہم خصوصیات بیان کیجئے۔

یا

غالب کی غزل گوئی کا جائزہ لیجئے۔